10فروری2016ء

مالی سال16ء کے پہلے سات مہینوں میں کارکنوں کی ترسیلات زر6 فیصد نمو کے ساتھ 11.2ارب ڈالر ہوگئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 16ء کے ابتدائی سات مہینوں (جولائی تا جنوری) کے دوران 11198.18 ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س15ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 10565.9 ملین ڈالر کے مقابلے میں6 فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔

جنوری 2016ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1462.87 ملین ڈالر تھی جو دسمبر 2015ء کے مقابلے میں منفی 10.64 فیصد، اور جنوری2014ء کے مقابلے میں 4.21 فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک جنوری2016ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 462.18 ملین ڈالر، 313.32 ملین ڈالر، 179.56 ملین ڈالر، 172.53 ملین ڈالر، 190.38 ملین ڈالر، اور 28.64 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ جنوری 2015ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 452.81 ملین ڈالر، 289.79 ملین ڈالر، 197.39 ملین ڈالر، 178.4 ملین ڈالر، 162.31 ملین ڈالر اور 25.85 ملین ڈالر تھیں۔ جنوری 2016ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 116.26 ملین ڈالر رہیں جبکہ جنوری 2015ء میں ان ملکوں سے 97.19 ملین ڈالر موصول ہوئے تھے۔

☆☆☆